**NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT**
**ORDERS OF THE DAY**

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 5th November, 2024 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2. MS. SEHAR KAMRAN** to invite the attention of the Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs to a matter of urgent public importance regarding 129th rank of Pakistan out of 142 nations globally in the 2024 World Justice Project's Rule of Law Index, causing grave concern amongst the public.

## MOTION

**3. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Rana Muhammad Qasim Noon, MNA)

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**4. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to present the report of the Standing Committee on the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024].

## LEGISLATIVE BUSINESS

**5. MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** to move that the Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6. MS. ZAHRA WADOOD FATEMI** to move that the Bill to establish the Nippon Institute of Advanced Sciences [The Nippon Institute of Advanced Sciences Bill, 2024], be passed.

## RESOLUTIONS

**7. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to bring reforms to improve the quality of higher education and vocational training through monitoring and evaluation in order to cater the market need."

**8. RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to bring GST on Agricultural inputs at zero percent so that cost of cultivation of the local food crops may be reduced."

**9. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take steps to control monkey pox in the Country."

**10.** **MS. NIKHAT SHAKEEL** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to formulate a comprehensive policy aimed at engaging Gulf Countries to create a supportive environment for Pakistani workers and enhance diplomatic relations to protect their rights."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**11.** **RAI HASSAN NAWAZ KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the availability of services to travelers on national highways and motorways."

**12.** **SYEDA SHEHLA RAZA** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of increasing cases of Dengue in Islamabad Capital Territory."

**13.** **MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Capital Development Authority."

**14.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the Privatization policy of the Government."

**15.** **MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following motion:-

"This House may discuss the situation arising out of inflation in the country."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**16.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**17.** **MS. ALIYA KAMRAN** to invite the attention of the Minister for Aviation to a matter of urgent public importance regarding grounding of several aircrafts by Pakistan International Airlines (PIA), causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**4th November, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۵ نومبر، ۲۰۲۴ء کو صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ سحر کامران** وزیر برائے قانون وانصاف اور پارلیمانی امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو ورلڈ جسٹس پراجیکٹ کے مطابق قانون کی حکمرانی کے انڈیکس ۲۰۲۴ء میں ۱۴۲ عالمی اقوام میں سے پاکستان کا ۱۲۹ واں نمبر ہونے سے متعلق ہے۔

## تحریک

۳۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ وثقافت تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کے بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب رانا محمد قاسم نون، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت بین الاقوامی امتحانی بورڈ کے قیام کے بل [بین الاقوامی امتحانی بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۵۔ **محترمہ زہراودود فاطمی** تحریک پیش کریں گی کہ نیپون ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کا بل [نیپون ادارہ برائے جدید علوم بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **محترمہ زہراودود فاطمی** تحریک پیش کریں گی کہ نیپون ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کا بل [نیپون ادارہ برائے جدید علوم بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قراردادیں

۷۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت مارکیٹ کی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے نگرانی اور تشخیص کے ذریعے اعلیٰ تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کا معیار بہتر بنانے کی بابت اصلاحات لانے کے لئے فوری اقدامات کرے۔"

۸۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت زرعی مداخل پر جی ایس ٹی کو صفر فیصد پر لانے کے لئے فوری اقدامات کرے تاکہ مقامی غذائی فصلوں کی کاشت کی لاگت کو کم کیا جاسکے۔"

۹۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک میں منکی پاکس کی روک تھام کے لئے اقدامات کرے۔"

۱۰۔ **محترمہ نکہت شکیل** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گی:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پاکستانی محنت کشوں کے لئے معاون و مددگار ماحول پیدا کرنے کی بابت خلیجی ممالک کی شمولیت اور ان محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے سفارتی تعلقات کو فروغ دینے کی بابت ایک جامع پالیسی تشکیل دینے کے لئے فوری اقدامات کرے۔"

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۱۱۔ **رائے حسن نواز خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔

"یہ ایوان موٹرویز اور قومی شاہرات پر مسافروں کے لئے دستیاب سروسز پر بحث کرے۔"

۱۲۔ **سیدہ شہلا رضا** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

"یہ ایوان علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں ڈینگی کے کیسز میں اضافے سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔"

۱۳۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

"یہ ایوان دارالحکومتی ترقیاتی ادارہ کی کارکردگی پر بحث کرے۔"

۱۴۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔

"یہ ایوان حکومت کی نجکاری پالیسی پر بحث کرے۔"

۱۵۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔

"یہ ایوان ملک میں مہنگائی سے پیدا ہونے والی صورتحال پر بحث کرے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۶۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۷۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے ہوابازی کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی جانب سے کئی طیاروں کو گراؤنڈ کرنے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۴/نومبر، ۲۰۲۴ء۔**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**